Finger spin

Wrist spin

OFF-SPIN GRIP

سپن باؤلنگ۔

باؤلنگ کا ایک اہم حصہ سپن باؤلنگ بھی ہے، آج ہم سپن باؤلنگ پر بات کریں گے اور جانیں گے کہ سپن باؤلنگ کیا ہوتی ہے اور اس کی کون کون سی اقسام ہیں۔

سپنر کیا ہوتا ہے؟ یا سپن باؤلنگ کیا ہوتی ہے؟؟

ایسا گیند باز جو بال کو بلے باز کی طرف آہستہ سے پھینکے، (اس میں بال کی حد رفتار 70 سے 95 کلو میٹر فی گھنٹہ ہوتی ہے) اُس کی بال پڑنے کے بعد بجائے سیدھے جانے کہ

مخالف سمت میں دائیں یا بائیں گھوم جائے، ایسے گیند باز کو کرکٹ کی اصطلاح میں سپنر کہا جاتا ہے۔

سپن باؤلرز کی اقسام۔

پہلے تو یہ جان لیں کہ سپن گیند باز دو طرح کے ہوتے ہیں دائیں ہاتھ کے جو سپنر ہیں وہ رائٹ آرم آف سپنر اور رائٹ آرم لیگ سپنر کہلاتے ہیں، اور بائیں ہاتھ کے سپن باؤلر لیفٹ آرم آرتھوڈوکس یا لیفٹ آرم ان آرتھوڈوکس یا چائنہ مین کہلاتے ہیں۔

سپن باؤلرز کی چار اقسام درج ذیل ہیں-

1_ رائٹ آرم آف سپنر

2_ رائٹ آرم لیگ سپنر

3_ لیفٹ آرم آرتھوڈوکس

4_ لیفٹ آرم ان آرتھوڈوکس یا چائنہ مین-

رائٹ آرم آف سپنر اور آف سپنر کی چند مشہور ورائٹیاں۔

یہ دائیں ہاتھ کا گیند باز ہوتا ہے، یہ جب اوور دا وکٹ باؤلنگ کرتا ہے تو اس کی گیند پڑنے کے بعد بائیں سے دائیں گھومتی ہے آسان لفظوں میں یہ سمجھ لیں کہ دائیں ہاتھ کے بلے باز کے لئے آف سپنر کی گیند پڑنے کے بعد اندر آتی ہے۔

آف سپنر فنگر سپنر بھی کہلاتے ہیں یعنی کہ آف سپنر اپنی اُنگلیوں سے بال کو گھمانے میں مدد حاصل کرتے ہیں۔

لیکن ورلڈ ریکارڈ ہولڈر مرلی دھرن ایسے آف سپنر گُزرے ہیں کرکٹ کی تاریخ میں جو فنگر کے ساتھ ساتھ اپنی کلائی سے بھی بڑی مدد لیا کرتے تھے بال کو تیزی سے گھمانے میں۔

اقسام۔

آف سپن کی سب سے بڑی ورائٹی تو آف سپن ہی ہوتی ہے لیکن آف سپنر اپنی باؤلنگ میں مزید نکھار لانے کے لئے اور بلے باز کو مزید پریشان کرنے کے لئے بہت سی نئی بال بھی متعارف کروا چُکے ہیں۔

دوسرا۔

اس بال کے موجد پاکستان کے موجودہ ہیڈ کوچ اور دنیائے کرکٹ کے عظیم آف سپنر ثقلین مشتاق ہیں۔

پہلے تو یہ جان لیں کہ دوسرا ہے کیا؟ آف سپنر کی وہ بال جو تقریباً اُسی باؤلنگ ایکشن سے کی جائے جو آف سپن باؤلنگ کرتے ہوئے باؤلر کرواتا ہے، لیکن پڑنے کے بعد وہ بال مخالف سمت گھوم جائے یعنی کہ دائیں سے بائیں گھوم جائے اسے دوسرا کہتے ہیں، یہ آف سپنر کی مسٹری بال کہلاتی ہے۔

آف سپن میں بال اندر آتا ہے اور دوسرے میں بال پڑ کر باہر نکل جاتا ہے، یہاں یہ بھی بتاتا چلوں کہ لیفٹ آرم آرتھوڈوکس بھی دوسرا کرواتے ہیں، سری لنکن لیفٹ آرم سپنر رنگانا ہیراتھ اس بال کے ماہر تھے۔

یہ دوسرا نام کیوں پڑا اس بال کا یہ کہانی بھی دلچسپ ہے۔

ثقلین مشتاق جب آف سپن باولنگ کیا کرتے تھے تب وکٹ کے پیچھے پاکستان کے ورلڈ کپ وِنر وکٹ کیپر معین خان ہوا کرتے تھے وہ ثقلین کو اُردو میں کہا کرتے تھے کہ اب دوسرا

کروا، یعنی کہ اپنی وہ والی بال کروا جو آف سپن نہیں بلکہ لیگ سپن ہو جاتی ہے۔

کمنٹیٹر حضرات جب بار بار یہ لفظ دوسرا سنتے اور اس حیرت انگیز بال کو دیکھتے تو پھر اُنہوں نے ثقلین مشتاق کی ایجاد کردہ اس ڈلیوری کا نام ہی دوسرا رکھ دیا۔

ٹاپ سپن۔

ایک ایسا بال جو پڑنے کے بعد ڈِپ کے ساتھ اُچھال بھی لے اسے ٹاپ سپن کہتے ہیں، اس طرح کی بال گھوم کر بیٹسمین کی طرف باؤنس کے ساتھ آتی ہے، یہ بال فنگر سپنرز اور رِسٹ سپنر دونوں کرواتے ہیں۔

دنیا کے چند مشہور آف سپنرز۔

جم لیکر،

مرلی دھرن،

ثقلین مشتاق،

سعید اجمل،

گرایم سوان،

نیتھن لیون

اور

روی چندرن ایشون۔

2_ رائٹ آرم لیگ سپنر اور لیگ سپنرز کی چند مشہور ورائیٹیاں۔

لیگ سپنر دائیں ہاتھ کے گیند باز ہوتے ہیں یہ رِیسٹ سپنر بھی کہلاتے ہیں کیونکہ یہ بال کو گھمانے کے لئے اپنی کلائی سے مدد لیتے ہیں۔

لیگ سپنرز کی بال دائیں سے بائیں گھومتی ہے آسان لفظوں میں سمجھاؤں تو دائیں ہاتھ کے بلے باز کے لئے یہ بال باہر کی طرف نکلتی ہے۔

اقسام۔

لیگ سپنر کی سب سے بڑی ورائٹی تو لیگ سپن باؤلنگ ہی ہوتی ہے جس میں باؤلر اپنی کلائی کی مدد سے بال کو دائیں سے بائیں گھماتا ہے۔

دنیا کا سب سے بڑا لیگ سپنر شین وارن تھا، پاکستان کے گریٹ عبدالقادر نے بھی اس طرح کی باؤلنگ میں شہرت کی بلندیوں کو چُھوا۔

گُگلی۔

لیگ سپنر کی سب سے مشہور ورائٹی گُگلی ہے، اسے لیگ سپنر کی مسٹری بال بھی کہتے ہیں۔

اس بال کو کرواتے ہوئے باؤلر اپنے تقریباً لیگ سپن والے ایکشن سے بال کو مخالف سمت میں یعنی کہ بائیں سے دائیں گھماتا ہے، بلے باز کو یہی لگتا ہے کہ بال باہر نکلے گا پڑنے کے بعد لیکن بال تیزی سے گھوم کر اندر آ جاتا ہے۔

گُگلی کو عروج بخشنے والے پاکستان کے مشہور لیگ سپنر گریٹ عبدالقادر تھے، ویسے پاکستانی لیگ سپنر مشتاق احمد بھی گُگلی پر بڑا عبور رکھتے تھے اور وہ اوور میں تین سے چار گُگلیاں ڈال دیا کرتے تھے

فلِپر۔

لیگ سپن باؤلنگ کی تیسری مشہور ورائٹی فلِپر ہے، ایک ایسا بال جو پڑنے کے بعد تیزی سے نکلتا ہے سکِٹ کرتے ہوئے وکٹوں کی طرف سیدھا آتا ہے اسے فلِپر کہتے ہیں۔

یہ بال عموماً لیگ سپنر نئے آنے والے بلے باز کو ضرور کرتے ہیں، بلے باز یا تو ایل بی ڈبلیو یا پھر بولڈ ہو جاتا ہے، یہ لیگ سپنر کا وکٹ ٹیکر بال ہوتا ہے۔

فِلپر لیگ سپنر کی عام بال سے زیادہ سپیڈ والی بال ہوتی ہے۔

سلائیڈر۔

فِلپر سے ہی ملتا جلتا بال سلائیڈر بھی ہے اور اس کے موجد مشہور لیگ سپنر شین وارن ہیں، سلائیڈر بال بھی فِلپر کی

طرح ہی پڑنے کے بعد تیز نکلتا ہے سِکٹ کرتا ہے، فرق صرف بال کو گرِپ کرنے میں ہے۔

دنیا کے چند مشہور لیگ سپنر۔

عبدالقادر،

شین وارن،

انیل کمبلے،

مشتاق احمد،

یاسر شاہ

اور

عادل راشد

وغیرہ ہیں، پاکستان کے آل راؤنڈر شاہد آفریدی بھی اس کیٹیگری کا بڑا باؤلر تھا، آفریدی کی ایک بال جو کہ آدھی گُگلی آدھی فِلپر ٹائپ کی تھی بڑی کامیاب بال رہی۔

لیفٹ آرم آرتھوڈوکس، اور اُس کی ورائیٹیاں۔

بائیں ہاتھ کا وہ سپن باؤلر جو اوور دا وکٹ باؤلنگ کرتے ہوئے بال کو دائیں سے بائیں گھمائے وہ لیفٹ آرم آرتھوڈوکس باؤلر کہلاتا ہے، آسان کر کے سمجھیں تو دائیں ہاتھ کے بلے باز کے سامنے لیفٹ آرم آرتھوڈوکس سپنر کی بال پڑ کر باہر نکلتی ہے۔

یہ بھی فنگر سپنرز کہلاتے ہیں۔

اقسام۔

لیفٹ آرم آرتھوڈوکس سپنرز کی سب سے بڑی ورائٹی تو دائیں سے بائیں ہی گھومتی ہے، لیکن اس طرح کی باؤلنگ میں اور بھی بہت سی ورائٹیاں ہیں، جیسا کہ دوسرا جو کہ بائیں سے دائیں گھوم جاتا ہے۔

آرم بال۔

یہ ایک ایسا بال ہے جو باؤلر بال کی اپ رائٹ سیم کی مدد سے کرواتا ہے اس میں بال بیٹسمین کی مخالف سِمت ٹرن ہوتا ہے اس میں بال سپیڈ تھوڑی زیادہ ہوتی ہے۔

انڈر کٹر۔

اس ڈلیوری میں باؤلر کا ہاتھ تھوڑا سا اُفقی طریقے سے آتا ہے اور یہ بال ہوا میں ڈرفٹ کرتی ہے یعنی کہ ہوا میں سوئینگ ہوتی ہوئی آتی ہے لیکن پڑنے کے بعد ٹرن نہیں ہوتی۔

یہ بال لیفٹ آرم آرتھوڈوکس اور آف سپنر دونوں ہی کرواتے ہیں۔

دنیائے کرکٹ کے چند مشہور لیفٹ آرم آرتھوڈوکس سپنرز۔

رنگانا ہیراتھ،

اقبال قاسم،

ڈینیل ویٹوری،

رویندرا جدیجا،

شکیب الحسن وغیرہ۔

لیفٹ آرم ان آرتھوڈوکس یا چائنہ مین۔

اسے آپ لیفٹ آرم سپنر کا لیگ سپنر سمجھ لیں، لیفٹ آرم آرتھوڈوکس سپنر کی بال دائیں سے بائیں گھومتی ہے تو لیفٹ آرم ان آرتھوڈوکس سپنر کی بال بائیں سے دائیں گھومتی ہے۔

ان کی ورائیٹیاں لیگ سپنر سے ملتی جُلتی ہیں جو بال ان کی دائیں سے بائیں گھومتی ہے یہ ان کی گُگلی ہے، یہ بھی فلپر کرواتے ہیں۔

لیکن چونکہ اس ٹائپ کے باؤلر دنیا میں بہت کم ہیں اس لئے ان کی ورائیٹیاں اتنی مشہور نہیں۔

دنیا کے چند مشہور لیفٹ آرم ان آرتھوڈوکس، چائنہ مین باؤلر۔

پال ایڈمز

،بریڈ ہوگ ،

کلدیپ یادیو

اور

تبریز شمسی ہیں۔